سلمان رحمان
ہماری خدمات: حج اور عمرہ زیارت ٹورس، ویزہ اسٹیمپنگ، وکالا سروسز، انٹرنیشنل اینڈ ڈوومیسٹک ایئر ٹکٹنگ
Hina Air Travel
Hajj & Umrah Ziyarat Tours, Visa Stamping, Wakala Services International & Domestic Air Ticketing.
Second Floor Shop No. 7, Universal Complex Near Noor Manzil Lalbagh, Lucknow-226001. Contact No. - 0522-4590763
Email : hinaairtravel@gmail.com
Mobile:9559322919,9415023319

لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ

# لوہیا نامہ

URDU DAILY **LOHIA NAMA** LUCKNOW

ناولٹی کلاتھ سینٹر

Latest WEDDING Gowns
Kamdar Suits and all Kind of Handicraft
Specialist in GHARARA'S
NOVELTY Cloth Center
Nazirabad, Lucknow-226018, Ph.:0522-4332331
E-mail:novelty.creations78@gmail.com

R.N.I. No.: UPURD 2013 48815 Vol. No. 13, Issue No. 27 Thursday 08 May, 2025 Price: 1 - Pages:4 Morning Edition جلد نمبر(۱۳) شمارہ نمبر(۲۷) ۸ مئی ۲۰۲۵ء بروز جمعرات قیمت: ایک روپیہ (صفحات:۴)

# آپریشن سندور: ہندوستان نے پہلگام حملے کا بدلہ لے لیا

## فوجی کارروائی میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانے تباہ، 100 سے زیادہ دہشت گرد ہلاک ♦ ہندوستانی فوج نے 25 منٹ کے دوران کالعدم لشکر طیبہ، جیش محمد اور دیگر انتہاپسند تنظیموں کی پناہ گاہوں کو بنایا نشانہ



**نئی دہلی (یو این آئی)**
پہلگام میں بے رحمانہ دہشت گردانہ حملہ کرنے والے دہشت گردوں کو چن چن کر مارنے کے حکومت کے عزم کو پورا کرنے کے لیے، ہندوستانی مسلح افواج نے منگل کی دیررات پاکستان اور مقبوضہ کشمیر میں 25 منٹ تک تابڑ توڑ حملے کر کے دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا، اس طرح دہشت گردوں کے نیٹ ورک کی کمر توڑ دی گئی ہے۔ اس میں 100 سے زائد دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ ہندوستان کی یہ جوابی کارروائی پہلگام حملے کے 15 دن بعد کی گئی ہے اور اس کا نام دیا گیا ہے' آپریشن سندور'۔ یہ نام ان خواتین کو سپرد ہے جن کے شوہروں کی پہلگام میں 22 اپریل کو دہشت گردوں نے قتل کر دیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کابینہ کی میٹنگ میں پی ایم مودی نے آپریشن سندور کیلئے تین افواج کی تعریف کی۔ آپریشن سندور پر کہا کہ یہ نیا ہندوستان ہے۔ پورا ملک ہماری جانب دیکھ رہا تھا۔ یہ تو ہونا ہی تھا۔ پاکستان کے انٹر۔سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے ڈائرکٹر لفٹننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ ہندوستان نے 24 میزائلیں داغی ہیں۔ نیوز ایجنسی اے این آئی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ پی ایم مودی آپریشن سندور کو پوری رات مانیٹر کرتے رہے۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری، آرمی کرنل صوفیہ قریشی اور فضائیہ کے ونگ کمانڈر ویومیکا سنگھ نے بدھ کو یہاں نیشنل میڈیا سینٹر میں ملک کو 6 اور 7 مئی کی رات 1.05 سے 1.30 بجے تک جاری رہے آپریشن سندور' کے بارے میں بتایا۔

انہوں نے بتایا کہ پاکستان کئی دہائیوں سے دہشت گردانہ حملوں کو بڑھاوا دے رہا ہے اور دہشت گردانہ حملوں میں اب تک 350 عام لوگ اور 600 سکیورٹی اہلکار مارے جاچکے ہیں۔ آپریشن سندور میں جن نو مقامات کو نشانہ بنایا گیا ان میں سے چار پاکستان میں اور پانچ مقبوضہ کشمیر میں ہیں۔ ان مقامات پر دہشت گرد تنظیموں لشکر طیبہ اور جیش محمد کے ہیڈ کوارٹر، بھرتی کے مراکز، تربیتی مراکز اور لانچ پیڈ ہیں۔ مسٹر مسری نے کہا کہ گزشتہ رات کی سرحد پار کی گئی کارروائی نپی تلی، غیر اشتعال انگیز اور ذمہ دارانہ تھی، جس کا مقصد دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کو نیس و نابود کرنا اور دہشت گردوں کو اس طرح کی مزید کارروائیوں سے معذور کرنا تھا۔ اس کارروائی میں کسی پاکستانی فوجی اڈے کو نشانہ نہیں بنایا گیا۔ اس میں کسی بے گناہ کی جان نہیں گئی اور نہ ہی ان کی املاک کو نقصان پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارروائی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی طرف سے 25 اپریل کو پہلگام حملے کے حوالے سے جاری کردہ بیان کی روح کے مطابق ہے۔ مسٹر مسری نے کہا" پاکستان میں مقیم دہشت گرد ماڈیولز پر ہماری انٹیلی جنس نگرانی نے اشارہ دیا ہے کہ ہندوستان پر آگے بھی حملے ہوسکتے ہیں اور اس لیے ان کو روکنا اور ان کا مقابلہ کرنا کافی ضروری سمجھا گیا۔ آج صبح ہندوستان نے اس طرح کے سرحد پار حملوں کو روکنے اور جواب دینے کا اپنا حق استعمال کیا ہے۔'' خارجہ سکریٹری نے کہا کہ 25 اپریل کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے پریس بیان سے ٹی آر ایف (دی

ریزسٹنس فرنٹ) کا حوالہ ہٹانے کے لیے پاکستان کے دباؤ پر بھی توجہ دی جانی چاہیے۔ پہلگام دہشت گردانہ حملے کی تحقیقات سے دہشت گردوں کے پاکستان کے ساتھ روابط بے نقاب ہوئے ہیں۔

خارجہ سکریٹری نے پہلگام حملے کا مکمل پس منظر پیش کرتے ہوئے کہا" 22 اپریل 2025 کو لشکر طیبہ سے تعلق رکھنے والے پاکستانی اور پاکستان سے تربیت یافتہ دہشت گردوں نے جموں و کشمیر کے پہلگام میں سیاحوں پر حملہ کیا اور 25 ہندوستانی اور ایک نیپالی شہری کو قتل کر دیا تھا ...انہوں نے ان لوگوں کو ان کے کنبے کے ارکان کے سامنے میں سروں میں گولی ماری۔ کنبے کے ارکان کو جان بوجھ کر نقصان پہنچایا گیا اور انہیں مشورہ دیا کہ وہ واپس جا کر اس پیغام کو پہنچا دیں۔ یہ حملہ واضح طور پر جموں و کشمیر میں حالات کے معمول پر آنے کو متاثر کرنے کے مقصد سے کیا گیا تھا۔

# پونچھ اور اوڑی میں پاکستانی رینجرز کی شدید شیلنگ

## خاتون اور 2 بچوں سمیت 10 شہری جاں بحق، 60 سے زائد زخمی



**سری نگر (یو این آئی)**
لائن آف کنٹرول پر ایک بار پھر صورتحال سنگین ہوگئی ہے، پاکستانی رینجرز نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب پونچھ اور اوڑی سیکٹرز میں بلا اشتعال شدید گولہ باری کی، جس کے نتیجے میں خاتون اور دو بچوں سمیت کم از کم 10 عام شہری جاں بحق اور 60 سے زائد زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق، پاکستانی رینجرز کی طرف سے کی گئی شیلنگ رات گئے شروع ہوئی اور صبح تک وقفے وقفے سے جاری رہی۔ گولہ باری کے دوران بھاری جنگی ساز وسامان استعمال کیا گیا، جس کی وجہ سے رہائشی مکانات کو شدید نقصان پہنچا اور متعدد دیہاتوں میں لوگ رات بھر کھلے آسمان تلے پناہ لینے پر مجبور ہو گئے۔ اوڑی کے ایک رہائشی محمد عارف، نے بتایا:'ہم سب سو رہے تھے جب اچانک گولے گرنے کی آوازیں سنائی دیں۔ ہر طرف دھواں، آگ اور چیخ و پکار تھی۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے جنگ چھڑ گئی ہو۔'پونچھ کے علاقے میں کئی سرکاری عمارتیں بھی شیلنگ کی زد میں آ گئی، جس سے سرکاری املاک کو نقصان پہنچا ہے، جبکہ قریبی دیہات میں کئی مکانات مکمل طور پر تباہ ہو گئے۔ متعدد زخمیوں کو نزدیکی اسپتالوں میں منتقل کیا گیا ہے، جن میں سے کئی کی حالت تشویشناک ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق پونچھ میں پاکستانی شیلنگ کے نتیجے میں دس افراد جاں بحق ہوئے جن کی شناخت محمد عادل، سلیم حسین، روبی کور، دس سالہ محمد زین، محمد اکرم، امرک سنگھ، رنجیت سنگھ، بارہ سالہ زویا خان، محمد رفیع اور محمد اقبال کے بطور کی گئی ہے۔ ادھر اوڑی کے مختلف علاقوں میں پاکستانی شیلنگ سے ایک درجن کے قریب افراد زخمی ہوئے جنہیں علاج و معالجہ کی خاطر نزدیکی ہسپتال منتقل کیا گیا جبکہ متعدد رہائشی مکانوں اور دکانوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ حکام کے مطابق، فوری طور پر ریسکیو ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں روانہ کر دی گئیں اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد ہوائی راستے سے بڑی طبی سہولیات والے اسپتالوں میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ حکام نے بتایا کہ:'ہم متاثرہ دیہات میں ریلیف کیمپ قائم کر رہے ہیں اور تمام ضروری اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ متاثرین کو فوری مدد فراہم کی جا سکے۔" دوسری طرف، لائن آف کنٹرول پر تمام تعلیمی ادارے تا حکم ثانی بند کر دیے گئے ہیں اور مقامی لوگوں کو گھروں میں ہی رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ دفاعی ذرائع کے مطابق، بھارتی فوج نے شیلنگ کا بھرپور جواب دیا ہے اور تمام اگلی چوکیوں کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ وزارت دفاع کے ایک افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا:' یہ حملے پاکستان کی جانب سے جاری اشتعال انگیزی کا تسلسل ہیں۔

ہم اس کا موثر جواب دے رہے ہیں اور کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔' ذرائع کا کہنا ہے کہ لائن آف کنٹرول کے کئی مقامات پر دونوں اطراف سے شدید فائرنگ کا تبادلہ تا حال جاری ہے۔ تازہ شیلنگ ایک ایسے وقت میں ہوئی ہے جب بھارت نے گزشتہ شب' آپریشن سندور' کے تحت پاکستان اور پاک مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردی کے نو مراکز پر میزائل حملے کیے تھے۔ ماہرین کے مطابق، پاکستانی شیلنگ کو بھارتی کارروائی کا ردعمل قرار دیا جا رہا ہے۔

# 'ہمیں اپنی مسلح افواج پر فخر ہے': راہل



نئی دہلی (ایجنسی): پاکستان اور پاک مقبوضہ کشمیر سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ہندوستانی فوجی کارروائیوں کے بعد لوک سبھا میں حزب اختلاف اور کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے ہندوستانی فوج کی بہادری کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنی مسلح افواج پر فخر ہے۔ انہوں نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا،'ہمیں اپنی مسلح افواج پر فخر ہے۔ جے ہند!'' پہلگام دہشت گردانہ حملے کے خلاف پہلے دن سے سخت موقف اپناتے ہوئے راہل گاندھی نے حکومت سے اس دہشت گردانہ کارروائی کا مناسب جواب دینے کی اپیل کی تھی اور کہا تھا کہ ان کی پارٹی اس حملے کے خلاف ہر جوابی کارروائی میں حکومت کے ساتھ کھڑی ہے۔

# ہماری مسلح افواج کی کارروائی قابل ستائش: کھرگے



**نئی دھلی (یو این آئی)** کانگریس صدر ملکارجن کھرگے نے مسلح افواج کے'آپریشن سندور' کی تعریف کی ہے اور پہلگام دہشت گردانہ حملے کے جواب میں پاکستان اور پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر (پی او کے) میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تباہ کرنے کی کارروائی کی حمایت کی ہے۔ مسٹر کھرگے نے کہا،"پاکستان اور پی او کے سے پھیلنے والی ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کی غیر متزلزل قومی پالیسی ہے۔ ہمیں اپنی مسلح افواج پر بہت فخر ہے جنہوں نے پاکستان اور پی او کے میں دہشت گردوں کے کیمپوں کو مسمار کر دیا ہے۔ ہم ان کے عزم اور حوصلے کی تعریف کرتے ہیں۔"انہوں نے کہا،"پہلگام دہشت گردانہ حملے کے دن سے، کانگریس سرحد پار دہشت گردی کے خلاف کوئی بھی فیصلہ کن کارروائی کرنے میں مسلح افواج اور حکومت کے ساتھ کھڑی ہے۔ قومی اتحاد اور یکجہتی وقت کی ضرورت ہے اور کانگریس مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہمارے رہنماؤں نے ماضی میں راستہ دکھایا ہے اور ہمارے لیے قومی مفاد سب سے بالاتر ہے۔"

# پاکستان کو ایسا سبق سکھانا چاہئے کہ دوسرا پہلگام نہ ہو: اویسی



**حیدرآباد (یواین آئی)** بیرسٹر اسدالدین اویسی رکن پارلیمنٹ حیدرآباد وصدر کل ہند مجلس اتحادالمسلمین نے ہندوستانی فوج کے آپریشن سندور کی ستائش کی۔ سوشل میڈیا کے اہم پلیٹ فارم ایکس پر سرگرم بیرسٹر اویسی نے اردو میں کئے گئے ٹوئیٹ میں کہا کہ میں ہماری دفاعی افواج کی جانب سے پاکستان میں دہشت گرد ٹھکانوں پر کئے گئے ہدفی حملوں کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ پاکستانی ڈیپ اسٹیٹ کو ایسا سبق سکھانا چاہیے کہ پھر کبھی دوسرا پہلگام نہ ہو۔ پاکستان کے دہشت گردی کے ڈھانچہ کو تباہ کر دینا چاہیے۔ جے ہند!

# ہندوستانی فوج کی کارروائی پر فخر کا اظہار: کے کویتا



**حیدر آباد (پریس ریلیز)**: رکن قانون ساز کونسل بی آر ایس کلوا کنٹلہ کویتا نے کہا کہ " آج مجھے واقعی فخر محسوس ہو رہا ہے کہ ہماری ہندوستانی فوج نے پاکستان اور پاک مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردوں کے کیمپس کو نشانہ بنایا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ جو حملے کے لئے گئے تھے وہ بحفاظت واپس آ گئے ہیں۔ آج ایک قوم کے طور پر ہم سب کو ایک ساتھ کھڑا ہونا چاہئے، متحد ہونا چاہئے، سیاسی نظریہ سے اوپر اٹھنا چاہئے۔ آج ہندوستان پہلے مقام پر ہے۔

# ہمیں اپنے بہادر جوانوں اور ہندوستانی فوج پر فخر ہے

**نئی دھلی (ایجنسی)** بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ اور آر جے ڈی رہنما تیجسوی یادو نے بھی اس پر اپنی بات کہی ہے۔ انہوں نے کہا، جئے ہند، بھارت ماتا کی جئے۔ نہ دہشت گردی رہے نہ علیحدگی پسندی۔ ہمیں اپنے بہادر جوانوں اور ہندوستانی فوج پر فخر ہے۔ شیوسینا (یو بی ٹی) رہنما پرینکا چترویدی نے بھی ہندوستانی فوج کی کارروائی پر خوشی ظاہر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں نے پہلگام میں مذہب پوچھ کر مارا تھا۔ اب کرم بھگتو۔ چترویدی نے'ایکس' پوسٹ میں آگے لکھا، ہر ماتھے کا سندور مٹنے نہ دیں گے، مٹایا تو اس کا جواب دے کر رہیں گے۔ جئے جوان! جئے ہندوستان! جئے ہند!

# وزیر اعظم کا 3 یورپی ممالک کا دورہ ملتوی

**نئی دھلی (یو این آئی)** وزیر اعظم نریندر مودی کا اس ماہ کے وسط میں کروشیا، ناروے اور نیدر لینڈ کا دورہ ملتوی ہو گیا ہے۔ ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد ہندوستانی مسلح افواج کی سرحد پار کارروائی اور اس کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کے پیش نظر وزیر اعظم مودی کا ان تین یورپی ممالک کا دورہ ملتوی کر دیا گیا ہے۔ مسٹر مودی کو 12 مئی سے 17 مئی تک ان ممالک کا دورہ کرنا تھا۔ شیڈول کے مطابق وزیر اعظم کو 12 مئی کو کروشیا کے دارالحکومت زگریب، 14 مئی کو اوسلو اور 16 مئی کو دی ہیگ پہنچنا تھا۔

# اسرائیل نے آپریشن سندور کی حمایت کی

**نئی دھلی (یو این آئی)** اسرائیل نے بدھ کو ہندوستان کے' آپریشن سندور' کی حمایت کا اعلان کیا جس کے تحت ہندوستان نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کا بدلہ لینے کے لیے پاکستان اور پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر (پی او کے) میں نو مقامات پر دہشت گرد کیمپوں پر حملہ کیا۔ ہندوستان میں اسرائیل کے سفیر روؤین آزار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں اپنے ملک کی حمایت کا اظہار کیا۔

# ہندوستان کے' آپریشن سندور' سے بے حال پاکستان کو بلوچوں نے بھی دیا دھچکا، 14 پاکستانی فوجیوں کو کیا ہلاک

**اسلام آباد (ایجنسی)**: ہندوستان نے پاکستان مقبوضہ کشمیر میں' آپریشن سندور' چلا کر دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر جو ایئر اسٹرائیک کی ہے، اس سے پورے پاکستان میں خوف کا عالم ہے۔ اس ایئر اسٹرائیک سے عین قبل پاکستان کو بلوچوں نے بھی زوردار دھچکا دیا تھا، جو ہندوستانی ایئر اسٹرائیک کی خبروں کے درمیان ایک طرح سے دب گئی۔

بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے مجاہدین آزادی نے 2 الگ الگ حملوں میں پاکستانی فوج کے 14 جوانوں کو مار گرایا ہے۔ بی ایل اے ترجمان جیند بلوچ کے مطابق پہلا حملہ بولن کے ماچ علاقے میں شورقند علاقہ میں کیا گیا، جہاں پاکستانی فوج کے قافلے کو ہدف بنا کر ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی سے حملہ کیا گیا۔ اس دھماکہ میں فوج کی ایک گاڑی پوری طرح تباہ ہوگئی اور 12 فوجی ہلاک ہوئے۔ مہلوکین میں پاکستانی فوج کا اسپیشل آپریشنز کمانڈر طارق عمران اور صوبیدار عمر فاروق بھی شامل ہیں۔ دوسرے حملے کے بارے میں بتایا گیا کہ یہ کیچ ضلع کے کلاگ تگران علاقہ میں کیا گیا، جہاں پاکستانی فوج کی بم ڈسپوزل ٹیم کو مزید ایک ریموٹ آئی ای ڈی دھماکہ میں ہدف بنایا گیا۔ اس حملے میں مزید 2 فوجیوں کی ہلاکت ہوئی۔

# بھارت-پاک کشیدگی: عالمی برادری کا دونوں ملکوں کو "ضبط نفس" کا مشورہ



**نئی دھلی (ایجنسی)**
اقوام متحدہ، امریکہ، چین، ترکیہ نے پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی اور حملوں پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے محتاط ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ چین نے بھارت کی جانب سے حملوں کو افسوس ناک قرار دے دیا، ترکیہ نے پاکستان کی حمایت کرتے ہوئے قریبی تعاون برقرار رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ چین نے پاکستان پر بھارتی حملوں پر افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دونوں جوہری فریقوں پر زور دیا ہے کہ وہ کشیدگی کے جواب میں تحمل کا مظاہرہ کریں۔ پاکستان کے قریبی اتحادی چین نے کہا کہ اسے آج بھارت کی فوجی کارروائی پر افسوس کا ہے، اسے موجودہ پیشرفت پر تشویش ہے۔ چینی دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بھارت اور پاکستان ایسے ہمسایہ ممالک ہیں، جنہیں الگ نہیں کیا جا سکتا، اور دونوں چین کے ہمسائے بھی ہیں، چین ہر قسم کی دہشت گردی کی مخالفت کرتا ہے۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ نے کہا کہ ہم بھارت اور پاکستان دونوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ امن و استحکام کو ترجیح دیں، پرسکون اور پرسکون رہیں، اور ایسے اقدامات سے گریز کریں جن سے صورتحال مزید پیچیدہ ہو۔

دوسری جانب اسلام آباد میں تعینات ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر نذیر اولو نے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار سے ملاقات کی، بھارت کی جانب سے پاکستان کی خودمختاری کی بلا اشتعال خلاف ورزی اور بے گناہ جانوں کے المناک زیاں کے تناظر میں پاکستان کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ ترکیہ کے سفیر نے علاقائی سلامتی کے خدشات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، اور قریبی ہم آہنگی اور تعاون کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسلام آباد میں ترکیہ کے سفیر نے پاکستان کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کی کارروائی کو پاکستان کی خودمختاری کی بلا اشتعال خلاف ورزی قرار دیا۔ پاکستانی وزارت خارجہ نے ایکس پر ایک بیان میں کہا کہ پاکستان اور ترکیہ نے علاقائی سلامتی کے خدشات پر گہرائی سے تبادلہ خیال کیا، اور قریبی تعاون کا عہد کیا۔

ادھر امریکی صدر ٹرمپ نے بھارتی حملوں کے سوال پر میڈیا کو بتایا کہ یہ ایک "شرمناک" کارروائی ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے بھارتی جارحیت کے بعد پاکستان اور بھارت کے قومی سلامتی کے مشیروں سے رابطہ کر کے کشیدگی کے خاتمے کے لیے بات چیت کے دروازے کھلے رکھنے پر زور دیا ہے۔

مارکو روبیو نے دونوں ملکوں کے عہدیداروں سے رابطے کر کے کہا کہ کشیدگی کے خاتمے کے لیے بات چیت کے دروازے بند نہ کیے جائیں، انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاک بھارت جنگ جلد ختم ہو جائے گی۔ امریکی وزیر خارجہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ایک پیغام میں کہا کہ پاک، بھارت کشیدگی کو انتہائی قریب سے دیکھ رہے ہیں، کشیدگی کے حل کے لیے دونوں ممالک کی قیادت سے بات چیت جاری ہے۔

مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت کی قیادت سے صورت حال کے پرامن حل کے لیے رابطے میں رہیں گے، پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگی صورت حال کا جائزہ لے رہا ہوں۔ انہوں نے ڈونلڈ ٹرمپ کے الفاظ کو دہراتے ہوئے امید ظاہر کی کہ موجودہ جنگی صورت حال جلد ختم ہو جائے گی۔

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے بھارت کی جانب سے پاکستان پر حالیہ میزائل حملوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ترک خبر رساں ادارے انادولو کے مطابق انتونیو گوتریس کے ترجمان نے کہا کہ سیکرٹری جنرل کو لائن آف کنٹرول اور بین الاقوامی سرحد پر بھارتی فوجی کارروائیوں پر گہری تشویش ہے۔ ترجمان اسٹیفن دوجارک نے ایک بیان میں کہا کہ سیکریٹری جنرل دونوں ممالک سے زیادہ سے زیادہ فوجی تحمل کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا پاکستان اور بھارت کے درمیان فوجی محاذ آرائی کی متحمل نہیں ہوسکتی۔

انتونیو گوتریس کا یہ بیان بھارتی فوج کی جانب سے آپریشن سندور کے تحت پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر میں 6 مقامات پر کیے گئے 24 میزائل حملوں کے فوری بعد سامنے آیا ہے۔

واضح رہے کہ بھارت نے گزشتہ رات، اندھیرے میں پاکستان کے شہری علاقوں پر حملہ کر کے طبل جنگ بجا دیا تھا۔ بھارتی حملے کے بعد پاکستان کی مسلح افواج نے بزدلانہ حملے کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارتی فضائیہ کے تین رافیل طیاروں سمیت 5 جنگی طیارے مار گرائے، جب کہ ایک بریگیڈ ہیڈ کوارٹر سمیت متعدد فوجی چیک پوسٹوں کو تباہ کر دیا تھا، بھارتی فوج نے ایل او سی کے جورا سیکٹر میں سفید جھنڈا لہرا کر شکست تسلیم کر لی تھی۔

وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے صبح سویرے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ بھارتی فوج نے سفید جھنڈا لہرا کر شکست تسلیم کر لی ہے، پاک فوج کی جانب سے لائن آف کنٹرول پر دشمن کی پوسٹوں کو بھاری نقصان پہنچایا گیا ہے، پاکستان کے جواب کے بعد بھارت کی متعدد پوسٹیں تباہ ہوئیں جبکہ پاکستان نے بھارت کے 5 لڑاکا طیارے اور ایک ڈرون مار گرایا۔ اس کے علاوہ پاک فوج کی جوابی کارروائیاں تا حال جاری ہیں، اور دشمن کو بھاری نقصان پہنچنے کی مسلسل اطلاعات مل رہی ہیں۔

# نکسلیوں کیخلاف سلامتی دستوں کی مہم جاری، بیجاپور میں تصادم میں 22 نکسلی ڈھیر

**رائے پور (ایجنسی)**
چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع کے کریگٹا کی بڑی اور نا قابل رسائی پہاڑیوں میں گزشتہ دو ہفتہ سے سلامتی دستوں کے ذریعہ بڑے پیمانے پر نکسلی مخالف مہم چلائی جارہی ہے۔ اسی مہم کے تحت منگل کی دیررات ایک بڑا تصادم ہوا جس میں سلامتی دستوں نے 22 نکسلیوں کو مار گرایا۔ مارے گئے نکسلیوں کی تعداد بڑھ بھی سکتی ہے۔ اس کارروائی کے دوران نکسلیوں کے پاس سے اسلحہ اور دھماکہ خیز اشیاء بھی برآمد کی گئی ہے۔'امر اُجالا' کی خبر کے مطابق یہ آپریشن گزشتہ 15 دنوں سے مسلسل جاری ہے۔ جس میں کئی نکسلیوں کو موت کے گھاٹ اتارا جا چکا ہے۔ کریگٹا علاقے کی جغرافیائی حالت کو دیکھتے ہوئے تلاشی مہم کو چیلنجنگ بتایا جا رہا ہے لیکن سلامتی دستوں کے جوان تلاشی اور گشتی مہم چلا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس علاقے میں کچھ بڑے نکسلی رہنماؤں اور بٹالین نمبر ایک کی موجودگی کی خفیہ اطلاع ملی تھی جس کی بنیاد پر آپریشن کو تیز کیا گیا۔ امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ مارے گئے نکسلیوں کی تعداد ابھی بھی بڑھ سکتی ہے کیونکہ کئی دیگر ٹھکانوں پر بھی سلامتی دستوں کی کارروائی جاری ہے۔

حالانکہ اس تصادم کو لے کر ابھی تک مقامی پولیس کی طرف سے کوئی تصدیق نہیں کی گئی ہے۔ کریگٹا پہاڑی علاقہ پہلے بھی نکسلی سرگرمیوں کے لیے جانا جاتا رہا ہے۔ ایسے میں سلامتی دستوں کی یہ کارروائی اس پورے علاقے میں نکسلی نیٹ ورک کو کمزور کرنے کی سمت میں ایک بڑی کامیابی مانی جارہی ہے۔

قابل ذکر ہے کہ ہندوستانی فوج جہاں ایک طرف نکسلیوں کے خلاف لڑائی لڑ رہی ہے وہیں دوسری طرف دہشت گردی کے خلاف بھی وہ مہم چھیڑ چکی ہے۔' آپریشن سندور' کے تحت ہندوستانی فوج نے آدھی رات ڈیڑھ بجے رافیل اور کروز میزائلس کے ذریعہ پاکستان اور پاک مقبوضہ کشمیر کے 9 دہشت گرد ٹھکانوں کو تباہ کر دیا تھا۔ اس کارروائی میں دہشت گرد تنظیموں کے کئی ٹریننگ کیمپ تباہ ہو گئے اور 90 سے زیادہ دہشت گردوں کے مارے جانے کی خبر ہے۔

# 'آپریشن سندور' کے بعد پورے ملک میں الرٹ

## 200 سے زائد پروازیں منسوخ، 18 ہوائی اڈے عارضی طور پر بند



**نئی دھلی (ایجنسی)**
ہندوستانی فوج نے جموں و کشمیر کے پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کا سخت جواب' آپریشن سندور' کے ذریعہ دیا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ملک بھر میں الرٹ بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ پاکستان کی طرف سے کسی بھی حماقت کی صورت میں ہندوستانی فوج جواب دینے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ پاکستان مقبوضہ کشمیر میں ہندوستانی سرجیکل اسٹرائیک کے بعد ہندوستان میں کم از کم 18 ایئر پورٹس کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ ان بند ایئر پورٹس میں سری نگر، جموں، لیہہ، امرتسر، پٹھان کوٹ، چنڈی گڑھ، جودھ پور، جیسلمیر، شملہ، دھرمشالہ اور جام نگر وغیرہ شامل ہیں۔

آپریشن سندور کے بعد طیاروں کی پرواز پر بھی خاطر خواہ اثر پڑا ہے۔ اب تک 200 سے زائد پروازیں منسوخ ہو چکی ہیں۔ تنہا انڈیگو نے تقریباً 165 پروازیں منسوخ کر دی ہیں۔ دہلی ایئر پورٹ سے بھی 35 سے زیادہ پوازیں (23 روانگی، 8 آمد اور 4 بین الاقوامی پروازیں) منسوخ کر دی گئی ہیں۔

ہندی نیوز پورٹل' امر اجالا' کے مطابق موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے انڈیگو ایئر لائنس نے منگل کے روز ہی سری نگر، جموں، امرتسر، لیہہ، چنڈی گڑھ، دھرمشالہ، بیکانیر اور جودھپور کے لیے سبھی پروازیں منسوخ کر دی ہیں۔ اس کی جانکاری دیتے ہوئے ایئر لائن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کی گئی ایک پوسٹ میں لکھا ہے کہ ملک بھر میں پروازوں کے شیڈول میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ ساتھ ہی انڈیگو نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایئر پورٹ پر جانے سے قبل اپنی پرواز کے بارے میں جانکاری ضرور حاصل کرلیں، تاکہ پریشانی سے بچا جا سکے۔

موصولہ اطلاع کے مطابق صرف انڈیگو نے ہی مجموعی طور پر اب تک 165 پروازیں منسوخ کر دی ہیں۔ پروازیں منسوخ ہونے کے بعد کئی ایئر لائنس نے بیان جاری کر اپنی اپنی طرف سے وضاحت پیش کی ہے۔ ایئر انڈیا نے سوشل میڈیا پر لکھا ہے کہ ایئر انڈیا نے جموں، سری نگر، لیہہ، جودھ پور، امرتسر، بھج، جام نگر، چنڈی گڑھ اور راجکوٹ کی پروازیں 10 مئی کی صبح 5.29 بجے تک منسوخ کر دی ہیں۔ مسافروں کو ٹکٹ منسوخ کرانے یا ری-شیڈول کرنے پر کوئی فیس ادا نہیں کرنی ہوگی۔ اسی طرح اسپائس جیٹ نے اپنا بیان جاری کر کہا ہے کہ انڈیگو، اکاسا ایئر اور ایئر انڈیا ایکسپریس نے بھی کئی فلائٹس کینسل کی ہیں اور مسافروں کو مکمل ریفنڈ یا دوسری پرواز کا متبادل دینے کی بات کہی ہے۔ اس درمیان قطر ایئر ویز نے پاکستانی ایئر اسپیس بند ہونے کے سبب پاکستان کے لیے پروازیں عارضی طور سے بند کر دی ہیں۔

واضح رہے کہ 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب کو 1.05 بجے سے لے کر 1.30 بجے تک مسلح افواج نے' آپریشن سندور' کو انجام دیا۔ 25 منٹ کے اس آپریشن میں 24 میزائلوں کے ذریعہ 9 دہشت گرد ٹھکانوں کو تباہ کر دیا گیا۔ ان 9 ٹھکانوں میں سے 5 پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں تھے، جبکہ 4 پاکستان میں تھے۔ ان ٹھکانوں میں دہشت گردوں کو بھرتی کیا جاتا تھا اور انھیں تربیت دی جاتی تھی۔ اس سرجیکل اسٹرائیک کے بعد مسعود اظہر نے بیان جاری کر بتایا ہے کہ حملہ میں اس کے اہل خانہ کے علاوہ 4 قریبی ساتھی بھی مارے گئے ہیں۔

